# Drupal کے لئے ہدایات نامہ

## اسپوکن ٹیوٹوریل ٹیم

## آئی آئی ٹی بمبئی

## 1. مشق کا طریقہ کار

1. آپ کو اسپوکن ٹیوٹوریلس اور فائلس کا ایک سیٹ دیا گیا ہے۔
2. آپ صریحاً ایک وقت میں صرف ایک ٹیوٹوریل کریں گے۔
3. آپ اسپوکن ٹیوٹوریل سن سکتے ہیں اور ویڈیو میں دکھائے گئے تمام اسٹیپس دوہرا کر عملا سکتے ہیں۔
4. اگر آپ کو مندرجہ بالا ہدایات میں کوئی مشکل آتی ہے تو آپ ایک بار مکمل ٹیوٹوریل سنیے اور پھر دوسری بار سنتے وقت اس ٹیوٹوریل کی مشق بھی کریں۔

## 2. Drupal

1. spoken نامی فولڈر کو تلاش کرکے اُس پر کلک کریں( یا اپنے کورڈِنیٹر یا انسٹرکٹر سے پوچھیں)
2. فائرفوکس یا کروم براؤزر استعمال کرتے ہوئے index.html نامی فائل پر رائٹ کلک کرکے اسے کھولیں۔ انٹرنیٹ ایکسپلورر (IE) نہ کھولیں۔ یہ اسپوکن ٹیوٹوریلس کو ٹھیک سے رینڈر نہیں کرسکتا۔
3. اگر ان میں سے کوئی طریقہ کام نہیں کرتا تو براہ مہربانی اپنے براؤزر کی جانچ کریں جسے آپ استعمال کر رہیں ہیں۔ اگر آپ IE استعمال کر رہیں تو اسے بند کریں اور فائرفوکس یا کروم کے ذریعے کھولیں۔
4. ڈفالٹ طور پر Side-by-Side Method ویڈیو ظاہر ہوتا ہے۔ یہ خود سے سیکھنے کے طریقہ کار کی وضاحت کرتا ہے۔ اس ٹیوٹوریل کو پہلے سُنیں۔ آپ اس طریقے کی پیروی کرتے ہوئے Drupal کو اسپوکن ٹیوٹوریلس کے ذریعے سیکھ سکتے ہیں۔
5. اسکرین کے اُپری حصے پر Select Foss Category " ڈراپ ڈاؤن پر کلک کریں اور "Drupal" منتخب کریں۔
6. "Select Language" ڈراپ- ڈاؤن پر کلک کریں اور دستیاب زبانوں میں سے وہ زبان منتخب کریں، جس میں آپ سیکھنا چاہتے ہیں۔
7. "Submit" کے بٹن پر کلک کریں۔
8. آپ اپنے انتخاب کی بنیاد پر ٹیوٹوریلس کی فہرست دیکھیں گے۔
9. ظاہر ہونے والی فہرست میں سے پہلے ٹیوٹوریل سے شروع کریں۔

## 3. پہلا ٹیوٹوریل: Overview of Drupal یعنی ڈروپل کا جائزہ

1. "Overview of Drupal" موضوع پر جائیں۔
2. یہ ٹیوٹوریل Drupal اور اس ٹیوٹوریل سیریز کے جائزہ کے بارے میں سمجھاتا ہے۔
3. اگر آپ اسپوکن کنٹینٹ کا سب-ٹائٹل ٹیکسٹ دیکھنا چاہتے ہوں تو سپوکن فولڈر میں README.txt میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں
4. پلییر پر کلک کرکے ٹیوٹوریل دیکھیں
5. ایک بار جب ٹیوٹوریل ختم ہو جائے تو اگلے ٹیوٹوریل Installation of Drupal پر کلک کریں۔

## 4. دوسرا ٹیوٹوریل: Installation of Drupal (Drupal کی تنصیب)

1. " Installation of Drupal" موضوع پر جائیں۔
2 یہ ٹیوٹوریل سمجھاتا ہے کہ Bitnami Drupal Stack استعمال کرتے ہوئے ونڈوز OS پر اور اوبنٹو لینکس OS پر Drupal 8 کس طرح انسٹال کرتے ہیں۔
3. آپکے سسٹم ایڈمنسٹریٹر نے پہلے ہی آپکے سسٹم پر Bitnami Drupal انسٹال کیا ہوگا۔
4. Side by Side طریقہ سے مشق کرتے ہوئے ٹیوٹوریل رکھنے والے ویب براؤزر کو اسکرین کے بائیں طرف رکھتے ہوئے ویب براؤزر کا سائز ایڈجسٹ کریں۔ دائیں طرف کے کھلے علاقے میں file browser/explorer کو رکھیں۔
5. اگر آپ لِنکس یوزر ہیں تو ویڈیو میں 6:51 تک کے وقت کو چھوڑ دیں اور وہاں سے آگے کی ہدایات پر عمل کریں۔ 7:09 پر ٹیوٹوریل آپ سے drupal-8.1.3-0 کو کھولنے کیلئے کہتا ہے۔ اگر آپ کے سسٹم میں Drupal کا نیا ورشن ہے تو فولڈر کا نام کوئی بڑا نمبر ہوگا۔ اس فولڈر کو کھولیں۔
6. ونڈو یوزرس ویڈیو کے 7:27 کے وقت سے شروع کرکے Bitnami Drupal Manager Tool کو کھولنا سیکھ سکتے ہیں۔
7. Start the Servers پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔
8. جب آپ 8:33 پر Go to application کلک کرتے ہیں تو ایک نئی ونڈو جس کا عنوان Bitnami Drupal Stack ہوتا ہے کھل جاتی ہے۔ اگر اس کے بجائے یہ نیا ٹیب کھولتی ہے تو نئی ونڈو بنانے کیلئے اسے باہر کی اور کلک اور ڈریگ کریں۔
9. اُوپر بتائی گئی Bitnami Drupal Stack ونڈو کو رِسائز کریں اور اسے کمپیوٹر اسکرین کے دائیں طرف کے حصے میں side by side طریقے کی پیروی کیلئے فٹ کریں۔

10. Access Drupal پر کلک کرکے ڈروپل ویب سائٹ پر مین پیج کھولیں۔

11. ٹیوٹوریل کی مشق 9:00 تک کریں۔ یہاں Username کو طور پر admin اور پاس ورڈ کے طور پر drupal8gr8 درج کریں۔ (اگر یہ مختلف ہو تو براہ مہربانی اپنے کورڈینیٹر یا انسٹرکٹر سے مشورہ کریں)۔

12. جاری رکھیں اور ٹیوٹوریل مکمل کریں۔

## 5. تیسرا ٹیوٹوریل: Content Management in Admin Interface.

1. اگر ویب سرورس نہیں چل رہیں ہوں یا اگر آپ لوگڈ اِن (loged in) نہیں ہوں تو سیکشن 4 میں 5 سے 11 تک کے اسٹیپس میں دگئی ہدایات کا استعمال اِن کیلئے کریں:

(a). سرورس چالو کریں اور ڈروپل کے مین پیج تک رسائی کریں، اور

(b). ایڈمن کے طور پر لوگ اِن کریں۔

جب بھی آپ کو اپنی ڈروپل سائٹ کے ساتھ کام کرنا ہو تب آپ کو مندرجہ بالا باتوں کو چیک کرنا ہوگا۔ Computer shutdown, browser clear cache وغیرہ بھی سرورس کو بند کردیں گے اور آپ کو لوگ آؤٹ (logout) کریں گے۔ دیگر صورت میں آپ پچھلے ٹیوٹوریل سے جاری رکھ سکتے ہیں۔

2. موجودہ ٹیوٹوریل میں نیچے کی اور سکرول کریں Code files سیکشن پر جائیں۔ فائل (ZIP archive) پر کلک کرکے اسے ڈاؤن لوڈ کریں۔ اس میں logo.png نامی فائل ہوتی ہے جو اس ٹیوٹوریل میں درکار ہے۔ آپ اسے اپنے فولڈر میں کاپی کرسکتے ہیں اور اس کا استعمال ٹیوٹوریل میں دی گئی ہدایات کے مطابق کرسکتے ہیں۔

3. ٹیوٹوریل کے مکمل ہونے پر، دئے گئے Assignment میں درپیش مشکلات کو مکمل کریں جس سے آپ کی سیکھنے کے عمل کو مزید تقویت ملے۔

## 6. آگے کے ٹیوٹوریلس

سیکشن 5 میں دئے گئے طریقے کی پیروی کرتے ہوئے تمام ڈروپل ٹیوٹوریلس مکمل کریں۔ خاص کر ہر ٹیوٹوریل کیلئے مندرجہ ذیل کریں:

1. سرور چالو کریں، اگر وہ نہیں چل رہا ہو۔

2. admin کے طور پر لوگ اِن کریں اگر آپ لوگڈ اِن نہیں ہیں۔

3. کوڈ فائلس کو ڈاؤن لوڈ، کاپی اور استعمال کریں۔

4. اسائنمینٹس مکمل کریں۔

## 7. اپنی انگریزی زبان بہتر بنائیں

1. یہ بھی ممکن ہے کہ آپ انگریزی زبان میں زیادہ مہارت نہ رکھتے ہوں۔ اگر ایسا ہے تو آپ ایسی کسی بھی زبان کو منتخب کرسکتے ہیں جسن میں ہن نے ٹیوٹوریلس بنائے ہیں۔

2. اگر آپ نے انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں ٹیوٹوریلس دیکھے ہیں تو مہربانی کرکے تمام ٹیوٹوریلس کو دوبارہ سے انگریزی زبان میں کریں۔ اس سے آپ کی انگریزی زبان پر پکڑ مزید مضبوط ہوجائے گی۔

3. اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم کسی ایسی دوسری زبان میں ٹیوٹوریلس ڈب (Dub) کریں جس میں ابھی تک ہم نے اب نہیں کئے تو مہربانی کرکے ہمیں بتائیں۔